ریفریکٹنگ ٹیلی سکوپ کی رے ڈایاگرام شکل 12.34 میں دکھائی گئی ہے۔ جب کسی دور پڑے ہوئے جسم کی شعاعیں آتی ہیں تو وہ آبجیکٹو لینز سے گزرتی ہیں تو آبجیکٹو لینز کے فوکس F_o پر ایک رئیل امیج بناتی ہیں۔ یہ امیج آئی پیس کے لیے جسم کے طور پر کام کرتی ہے۔ آئی پیس دور فاصلے پر I_1 کی ایک بہت بڑی ورچوئل امیج بناتی ہے۔

ٹیلی سکوپ کی میگنی فیکیشن (Magnification of Telescope)

ریفریکٹنگ ٹیلی سکوپ کی میگنی فیکیشن رے ڈایاگرام کی مدد سے معلوم کی جا سکتی ہے۔ اس کا فارمولا درج ذیل ہے۔

$$M = \frac{f_o}{f_e}$$



شکل 12.34

12.14 انسانی آنکھ
(Human Eye)

انسانی آنکھ میں بیچ کی بناوٹ شکل 12.35 میں دکھائی گئی ہے۔ انسانی آنکھ کیمرہ کی طرح کام کرتی ہے۔ آنکھ میں تصویر فلم کی بجائے ریٹینا (Retina) پر بنتی ہے۔ آنکھ کا اندرونی حصہ سسٹم کا رنگ پر مشتمل ہوتا ہے۔ یہ آنکھ کے ریٹینا پر بنتی ہے۔ آنکھ کے پیچھے روشنی سے حساس ہونے والا پردہ ہے۔

کیمرہ میں فلم سے لینز کے فاصلے کو مناسب فوکس کے لیے ایڈجسٹ کیا جاتا ہے۔ آنکھ میں لینز کی شکل میں تبدیلی ہوتی ہے۔ روشنی آنکھ میں ایک شفاف جھلی کے ذریعے داخل ہوتی ہے جس کو کارنیا (Cornea) کہتے ہیں۔ آئرس (Iris) آنکھ کا رنگدار حصہ ہے جو ریٹینا تک پہنچنے والی روشنی کی مقدار کو کنٹرول کرتا ہے۔ اس میں ایک سوراخ ہے جس کے بیچ کو پیوپل (Pupil) کہتے ہیں۔ آئرس پیوپل کے سائز کو کنٹرول کرتا ہے۔ زیادہ روشنی میں آئرس پیوپل کے سائز کو کم کر دیتا ہے جبکہ کم روشنی میں پیوپل کے سائز میں اضافہ کر دیتا ہے۔ آنکھ کا لینز لچکدار ہے اور مختلف فاصلوں پر پڑے ہوئے اجسام کے مطابق خود کو ہم آہنگ (Accommodate) کر لیتا ہے۔

ہم آہنگی (Accommodation)

کیمرے، دوربین کی طرح یا قلم سے دوسری طرف حرکت دے کر کسی خاص فاصلہ پر موجود جسم کی امیج کو بیرو فوکس کرتا ہے۔ آنکھ کا جسم کی امیج کو ریٹینا پر ایڈجسٹ کرنے کا عمل مختلف ہے۔ اس کے عضلاتی پٹھے لینز کے کرویچر (Curvature) اور فوکل لینگتھ کو کنٹرول کر کے مختلف فاصلوں پر پڑے ہوئے اجسام کو دیکھنے میں مدد دیتے ہیں۔

اگر جسم آنکھ سے دور یا زیادہ فاصلہ پر ہو تو روشنی لینز کے اندر داخل ہونے سے پہلے متوازی ہوتی ہے۔ اس عمل کے لیے عضلاتی پٹھے ڈھیلے ہو جاتے ہیں اور لینز کے کرویچر کو کم کر دیتے ہیں۔ اس طرح فوکل لینگتھ بڑھ جاتی ہے۔ اس طرح سے یہ ریٹینا پر سیٹ ہو جاتی ہیں اور اس پر دور کے جسم کی ایک واضح امیج بنتی ہے (شکل 12.36-a)۔

اگر جسم آنکھ کے نزدیک ہو تو عضلاتی پٹھے لینز کے کرویچر کو بڑھا دیتے ہیں جس سے فوکل لینگتھ کم ہو جاتی ہے۔ جب قریبی جسم سے آنے والی روشنی ڈائیورجنٹ (Divergent) ہو کر لینز کے اندر خم کھا جاتی ہیں اور ریٹینا پر فوکس ہو جاتی ہیں (شکل 12.36-b)۔



شکل 12.36 ہم آہنگی

ریٹینا پر امیج فوکس کرنے کے لیے آنکھ کے لینز کی فوکل لینگتھ میں تبدیلی کو اکاموڈیشن کہتے ہیں۔

نوجوانوں کی آنکھ میں اکاموڈیشن کی صلاحیت زیادہ ہوتی ہے جبکہ عمر کے ساتھ یہ صلاحیت کم ہو جاتی ہے۔ اکاموڈیشن کے نقائص کو آئی گلاسز میں مختلف قسم کے لینز استعمال کر کے دور کیا جاتا ہے۔



شکل 12.32

نقطہ قریب اور نقطہ بعید Near point and far point

آنکھ کا نقطہ قریب جسم کا آنکھ سے کم از کم فاصلہ ہے جس پر یہ جسم کا ایک واضح امیج بنا سکتی ہے۔

جب ہم کتاب کو آنکھوں کے بہت زیادہ قریب سے پڑھنے کی کوشش کرتے ہیں تو پرنٹ مبہم نظر آتا ہے کیونکہ آنکھ کا لینز کتاب کو فوکس کرنے کے لیے مزید اپنی شکل تبدیل نہیں کر سکتا (شکل 12.32)۔

اس فاصلے کو لیسٹ ڈسٹینس آف ڈسٹنکٹ ویژن (Least Distance of Distinct Vision) بھی کہا جاتا ہے۔ آنکھ کے نقطہ قریب سے کم فاصلے پر پڑے ہوئے جسم کی تصویر مبہم ہوتی ہے۔ نارمل بصارت کے حامل لوگوں میں ابتدائی بیس سالوں میں نقطہ قریب آنکھ سے تقریباً 25 cm پر واقع ہوتا ہے۔ یہ 40 سال کی عمر میں قریباً 50 cm اور 60 سال کی عمر میں اندازاً 500 cm تک چلا جاتا ہے۔

آنکھ کا نقطہ بعید دور پڑے ہوئے جسم کا آنکھ سے زیادہ سے زیادہ فاصلہ ہے جس پر آنکھ اپنی نارمل حالت میں فوکس کر سکتی ہے۔

نارمل نظر کا حامل شخص بہت دور کے اجسام مثلاً سیارے اور ستارے دیکھ سکتا ہے۔ لہٰذا ایسے شخص کا نقطہ بعید لامحدود فاصلے پر واقع ہوتا ہے۔ اس حساب سے لوگوں کی اکثریت کی آنکھیں نارمل نہیں ہیں۔

12.15 بصارت کے نقائص (Defects of Vision)

آنکھ کا ایسا نقص جس کی وجہ سے یہ دور کے اجسام کو واضح طور پر نہیں دیکھ سکتی، بصارت کا نقص کہلاتا ہے۔

بصارت کے نقائص تب رونما ہوتے ہیں جب آنکھ کا لینز ٹھیک طور پر اپنا فنکشن سرانجام نہیں دے پاتا۔ اس طرح بننے والی امیجز مبہم ہوتی ہیں۔

قریب نظری (Nearsightedness)

کچھ لوگ عینک کے بغیر دور کے اجسام کو واضح طور پر نہیں دیکھ سکتے۔ بصارت کے اس نقص کو قریب نظری (Nearsightedness) کہتے ہیں۔

آنکھ کا ایسا نقص جس کی وجہ سے یہ دور کے اجسام کو واضح طور پر نہیں دیکھ سکتی قریب نظری کہلاتا ہے۔

یہ نقص آنکھ کی بال (Eyeball) کے ڈایا میٹر کے مناسب حد سے زیادہ ہونے کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اس وجہ سے دور کے جسم سے آنے والی ریز ریٹینا پر فوکس ہونے کی بجائے اس کے سامنے فوکس ہو جاتی ہیں اور یوں ایک مبہم امیج بنتی ہے (شکل 12.38-a)۔



شکل 12.38: قریب نظری کے نقص اور اس کی درستی

اس نقص کو دور کرنے کے لیے عینک یا کنٹیکٹ لینز (Contact lenses) لگائے جاتے ہیں جن میں ڈائی ورجنگ لینز استعمال ہوتے ہیں۔ اس لینز کی وجہ سے دور کے اجسام سے آنے والی ریز آنکھ میں داخل ہونے سے پہلے پھیل جاتی ہیں۔ اور یوں نقطہ بعید سے آتی ہوئی معلوم ہوتی ہیں اور ریٹینا پر فوکس ہو جاتی ہیں جس سے ایک واضح امیج بنتی ہے (شکل 12.38-b)۔

بعید نظری (Farsightedness)

آنکھ کا ایسا نقص جس کی وجہ سے ہم نزدیک کے اجسام کو واضح طور پر نہیں دیکھ سکتے، بعید نظری کہلاتا ہے۔

یہی آنکھ جب نقطہ قریب سے کم فاصلہ پر رکھی ہوئی کتاب کو فوکس کرنے کی کوشش کرتی ہے تو اس کا فوکل لینتھ ایک حد سے مزید کم نہیں ہو سکتا۔ اس لیے کتاب سے آنے والی ریز ریٹینا کے پیچھے جمع

نظر آتی ہیں (شکل 12.39-a) اس نقص کو دور کرنے کے لیے عینک میں مناسب محدب عدسہ لگایا جاتا ہے۔ پھر قریب پڑے ہوئے جسم سے آنے والی روشنی کی شعاعیں ریٹینا پر فوکس ہو جاتی ہیں۔ عدسہ قریب سے آتی ہوئی شعاعوں کو ایسے محسوس کراتی ہیں جیسے وہ نقطہ قریب سے آ رہی ہوں اور چیزیں واضح نظر آتی ہیں (شکل 12.39-b)۔



شکل 12.39 دور بینی کے نقص کو درست کرنا

☆ جب روشنی ایک میڈیم سے گزرتے ہوئے دوسرے میڈیم کی سطح سے ٹکراتی ہے تو اس کا کچھ حصہ پہلے میڈیم میں واپس لوٹ آتا ہے۔ اس عمل کو روشنی کی ریفلیکشن کہا جاتا ہے۔ روشنی کی ریفلیکشن کے دو قوانین ہیں۔

(i) انسیڈنٹ رے، ریفلیکٹڈ رے اور نارمل تینوں ایک ہی پلین میں واقع ہوتے ہیں۔

(ii) اینگل آف انسیڈینس i اور اینگل آف ریفلیکشن r برابر ہوتے ہیں۔ یعنی $\angle i = \angle r$

☆ ہموار سطحوں کی طرح سفیریکل مررز بھی روشنی کو ریفلیکشن کے دونوں قوانین کے مطابق ریفلیکٹ کرتی ہیں۔

☆ مررز میں امیج کی بناوٹ ریفلیکشن کی وجہ سے ہوتی ہے جبکہ لینزز میں امیج کی بناوٹ ریفریکشن کی وجہ سے ہوتی ہے۔

☆ یہی مساوات جو مررز یا لینزز سے جسم کے فاصلہ p، امیج کے فاصلہ q اور مرر یا لینز کی فوکل لینگتھ f کے درمیان تعلق کو ظاہر کرتی ہے، مرر/لینز فارمولا کہلاتی ہے۔ یعنی

$$\frac{1}{f} = \frac{1}{p} + \frac{1}{q}$$

☆ سفیریکل مرر یا ایک لینز کی میگنیفیکیشن امیج کی بلندی اور جسم کی بلندی کے درمیان نسبت ہے۔ یعنی

$$\text{میگنیفیکیشن } m = \frac{\text{امیج کی بلندی}}{\text{جسم کی بلندی}} = \frac{h_i}{h_o}$$

☆ کسی لینز کی فوکل لینگتھ (میٹرز میں) کے الٹ کو لینز کی پاور کہتے ہیں۔ یعنی $P = \frac{1}{\text{فوکل لینگتھ (میٹرز میں)}}$ لینز کی پاور۔
لینز کی پاور کا SI یونٹ ڈائی آپٹر ہے اسے D سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ اگر f میٹرز میں ہو تو $1\,D = 1\,m^{-1}$ لہٰذا ایک ڈائی آپٹر اس لینز کی پاور ہے جس کی فوکل لینگتھ ایک میٹر ہے۔

☆ کسی میڈیم کا ریفریکٹو انڈیکس روشنی کی ہوا میں سپیڈ c اور روشنی کی میڈیم میں سپیڈ v کے درمیان نسبت ہے لہٰذا

$$\text{ریفریکٹو انڈیکس } n = \frac{\text{ہوا میں روشنی کی سپیڈ}}{\text{میڈیم میں روشنی کی سپیڈ}}$$

☆ روشنی جب ایک میڈیم سے دوسرے میڈیم میں داخل ہوتی ہے تو اپنے راستے سے مڑ جاتی ہے اسے روشنی کی ریفریکشن کہتے ہیں۔

☆ روشنی کی ریفریکشن دو قوانین کے تحت ہوتی ہے، جن کو ریفریکشن کے قوانین کہا جاتا ہے۔ ان کو یوں بیان کیا جاتا ہے۔

(i) انسیڈنٹ رے، ریفریکٹڈ رے اور پوائنٹ آف انسیڈینس پر نارمل تینوں ایک ہی پلین میں واقع ہوتے ہیں۔

(ii) اینگل آف انسیڈینس i کے sin اور اینگل آف ریفریکشن r کے sin کے درمیان نسبت کونسٹنٹ ہوتی ہے۔

یہ کونسٹنٹ نسبت ریفریکٹو انڈیکس n کہلاتی ہے۔ یعنی $\text{کونسٹنٹ} = \frac{\sin i}{\sin r}$ یا $n = \frac{\sin i}{\sin r}$
اس کو سنیل کا قانون بھی کہتے ہیں۔

☆ کسی کثیف میڈیم میں اینگل آف انسیڈنس کی وہ مقدار جس پر اینگل آف ریفریکشن °90 ہو، کریٹیکل اینگل کہلاتا ہے۔ جب اینگل آف انسیڈنس، کریٹیکل اینگل سے بڑھ جائے تو کوئی ریفریکشن نہیں ہوتی بلکہ تمام روشنی کثیف میڈیم میں واپس ریفلیکٹ ہو جاتی ہے۔ اس عمل کو روشنی کی ٹوٹل انٹرنل ریفلیکشن کہتے ہیں۔

☆ سمپل مائیکروسکوپ جسے میگنی فائنگ گلاس بھی کہتے ہیں، ایک کونویکس لینز ہے جسے چھوٹے اجسام کی ساخت کے مطالعہ کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ اس میں دو کنورجنگ لینز ہوتے ہیں یعنی آبجیکٹو اور آئی پیس۔

☆ ٹیلی سکوپ ایک آپٹیکل آلہ ہے جو بہتر یا بڑا کر کے دور کے اجسام کا مشاہدہ کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ ایسی ٹیلی سکوپ جس میں دو کنورجنگ لینز ہوتے ہیں ریفریکٹنگ ٹیلی سکوپ کہلاتی ہے۔ جبکہ ایسی ٹیلی سکوپ جس میں آبجیکٹو لینز کی جگہ پر خمیدہ مرر استعمال ہوتا ہے، ریفلیکٹنگ ٹیلی سکوپ کہلاتی ہے۔

☆ میگنی فائنگ پاور جسم کو آپٹیکل آلے سے دیکھنے پر امیج کے آنکھ پر بننے والے اینگل اور آنکھ سے جسم کے آنکھ پر بننے والے اینگل کی نسبت کو کہتے ہیں۔

☆ کسی آلے کی ریزولونگ پاور اس کی وہ صلاحیت ہے جس کی وجہ سے وہ قریب قریب پڑے ہوئے اجسام کے درمیان فرق کر سکتا ہے۔

☆ آنکھ کا وہ نقص جس کی وجہ سے یہ دور کے اجسام کی ریٹینا پر واضح امیج نہیں بنا سکتی قریب نظری کہلاتا ہے۔ اس نقص کو دور کرنے کے لیے عینک یا کنٹیکٹ لینز، جن میں ڈائیورجنگ لینز ہوتے ہیں، استعمال کیے جاتے ہیں۔ اس کی وجہ سے دور کے اجسام سے آنے والی ریز آنکھ میں داخل ہونے سے پہلے پھیل جاتی ہیں جس سے ریٹینا پر واضح امیج بنتی ہے۔

☆ آنکھ کا وہ نقص جس کی وجہ سے یہ قریب کے اجسام کی ریٹینا پر واضح امیج نہیں بنا سکتی، دور نظری کہلاتا ہے۔ اس نقص کو دور کرنے کے لیے مناسب کنورجنگ لینز کا استعمال کرتے ہیں۔

دیے گئے انتخابات میں سے درست جواب کا انتخاب کریں۔

(i) روشنی کی ریفریکشن کے دوران مندرجہ ذیل میں سے کون سی مقدار تبدیل نہیں ہوتی؟

(ا) اس کی سمت　　(ب) اس کی سپیڈ

(ج) اس کی فریکوئنسی　　(د) اس کی ویو لینتھ

(ii) ایک کنورجنگ مرر کا ریڈیئس 20 cm ہے۔ یہ مرر 30 cm کے فاصلہ پر ایک رئیل امیج بناتا ہے۔ جسم کا فاصلہ کیا ہوگا؟

(ا) 5.0 cm-　　(ب) 7.5 cm-

(ج) 15 cm　　(د) 20 cm-

(iii) ایک جسم مقعر آئینے کے سینٹر آف کرویچر پر پڑا ہے۔ مرر سے بننے والی امیج کی پوزیشن ہوگی

(ا) سینٹر آف کرویچر سے باہر کی طرف　　(ب) سینٹر آف کرویچر پر

(ج) سینٹر آف کرویچر اور فوکل پوائنٹ کے درمیان　　(د) فوکل پوائنٹ پر

(iv) ایک جسم کنویکس مرر کے سامنے 14 cm کے فاصلے پر پڑا ہے۔ امیج مرر کے پیچھے 5.8 cm پر بنتی ہے۔ مرر کا فوکل لینتھ کیا ہے؟

(ا) 4.1 cm　　(ب) 8.2 cm　　(ج) 9.9 cm　　(د) 20 cm

(v) انڈیکس آف ریفریکشن کا انحصار کس پر ہوتا ہے؟

(ا) فوکل لینتھ پر　　(ب) روشنی کی سپیڈ پر

(ج) امیج کے فاصلے پر　　(د) جسم کے فاصلے پر

(vi) کنویکس لینز سے سکرین پر کس قسم کی امیج بنتا ہے؟

(ا) الٹی اور ریئل　　(ب) الٹی اور ورچوئل

(ج) سیدھی اور ریئل　　(د) سیدھی اور ورچوئل

(vii) انسانی آنکھ کا کنورجنگ لینز دور کے جسم کی کس قسم کی امیج بناتا ہے؟

(ا) ریئل، سیدھی، جسم کی جسامت کے برابر　　(ب) ریئل، الٹی، بہت چھوٹی

(ج) ورچوئل، سیدھی، بہت چھوٹی　　(د) ورچوئل، الٹی، بہت بڑی

(viii) کیمرہ میں جو امیج بنتی ہے وہ ہوتی ہے

(ا) ریئل، الٹی اور بہت چھوٹی　　(ب) ورچوئل، سیدھی اور بہت چھوٹی

(ج) ورچوئل، سیدھی اور بہت بڑی　　(د) ریئل، الٹی اور بہت بڑی

(ix) اگر گلاس سے روشنی کی ریز ہوا کی سطح سے اس طرح ٹکرائے کہ ان کا اینگل آف انسیڈنس کریٹیکل اینگل سے زیادہ ہو تو ریز ہوں گی

(ا) صرف ریفریکٹ　　(ب) صرف ریفلیکٹ

(ج) کچھ ریفریکٹ اور کچھ ریفلیکٹ　　(د) صرف ڈفریکٹ

(x) روشنی کی ریز جب پانی سے ہوا میں داخل ہوتی ہے تو اس کا کریٹیکل اینگل 48.8° ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ روشنی کی تمام ریز جن کا اینگل آف انسیڈنس اس اینگل سے زیادہ ہو وہ

(ا) جذب ہو جائیں گی　　(ب) مکمل طور پر ریفلیکٹ ہوں گی

(ج) ان کا کچھ حصہ ریفلیکٹ اور کچھ حصہ ٹرانسمٹ ہوگا　　(د) مکمل طور پر ٹرانسمٹ ہوں گی

روشنی کی ریفلیکشن سے کیا مراد ہے؟ ایک ہموار سطح پر روشنی کی ریفلیکشن کی وضاحت ایک ڈایاگرام بنا کر کریں۔

ریفلیکشن میں استعمال ہونے والی مندرجہ ذیل اصطلاحات کی تعریف کریں:

(i) نارمل (ii) اینگل آف انسیڈنس (iii) اینگل آف ریفلیکشن

ریفلیکشن کے قوانین بیان کریں۔ ہم تجربے سے کس طرح ان کی تصدیق کر سکتے ہیں؟

روشنی کی ریفریکشن کی تعریف کریں۔ ہوا سے گلاس جیسے شفاف میڈیم میں سے روشنی کے گزرنے کے عمل کی وضاحت کریں۔

ریفریکشن میں استعمال ہونے والی مندرجہ ذیل اصطلاحات کی تعریف کریں:

(i) اینگل آف انسیڈنس (ii) اینگل آف ریفریکشن

کسی میڈیم کے ریفریکٹو انڈیکس کا کیا مطلب ہے؟ آپ ایک گلاس سلیب کے ریفریکٹو انڈیکس کی پیمائش کس طرح کریں گے؟

روشنی کی ریفریکشن کے قوانین بیان کریں۔ ان کو گلاس سلیب کی مدد سے کس طرح ثابت کیا جا سکتا ہے؟

ٹوٹل انٹرنل ریفلیکشن کی اصطلاح سے کیا مراد ہے؟

12.9 ٹوٹل انٹرنل ریفلیکشن کی شرائط بیان کریں۔

کریٹیکل اینگل سے کیا مراد ہے؟ کریٹیکل اینگل اور ریفریکٹو انڈیکس کے درمیان تعلق کی مساوات اخذ کریں۔

آپٹیکل فائبر سے کیا مراد ہے؟ بیان کریں کہ روشنی کس طرح ٹوٹل انٹرنل ریفلیکشن کے ذریعے آپٹیکل فائبر میں سے گزرتی ہے۔

لینز میں استعمال ہونے والی مندرجہ ذیل اصطلاحات کی تعریف کریں:

(i) پرنسپل ایکسز (ii) آپٹیکل سینٹر (iii) فوکل لینتھ

کنورجنگ لینز اور ڈائیورجنگ لینز کے پرنسپل فوکس سے کیا مراد ہے؟ اپنے جواب کی ڈایاگرام کے ذریعے وضاحت کریں۔

بیان کریں کہ روشنی کنویکس لینز سے کس طرح ریفریکٹ ہوتی ہے۔

ریے ڈایاگرام کی مدد سے آپ کنورجنگ لینز کا بطور میگنیفائنگ گلاس استعمال کس طرح کر سکتے ہیں؟

ایک شے کو کنورجنگ لینز کے فوکل پوائنٹ پر رکھا گیا ہے۔ بننے والی امیج کی نوعیت کیا ہوگی؟

رئیل اور ورچوئل امیج کے درمیان کیا فرق ہے؟

کنورجنگ لینز رئیل قسم کی اور ورچوئل قسم کی امیج بنا سکتا ہے، لیکن ڈائیورجنگ لینز صرف ورچوئل قسم کی امیج کس طرح بناتا ہے؟

12.19 لینز کی پاور اور اس کے یونٹ کی تعریف کریں۔

گلاس پرزم میں سے روشنی کے گزرنے کے عمل کی وضاحت کریں اور اینگل آف ڈیوی ایشن کی پیمائش کریں۔

ریزولونگ پاور اور میگنی فائنگ پاور کی اصطلاحات کی تعریف کریں۔

مندرجہ ذیل کے بیم ڈایاگرام بنائیں۔

(i) سادہ مائیکروسکوپ (ii) کمپاؤنڈ مائیکروسکوپ (iii) ریفریکٹنگ ٹیلی سکوپ

مندرجہ ذیل آپٹیکل آلات کی میگنی فائنگ پاور لکھیں۔

(i) سادہ مائیکروسکوپ (ii) کمپاؤنڈ مائیکروسکوپ (iii) ریفریکٹنگ ٹیلی سکوپ

نارمل انسانی آنکھ میں امیج کی بناوٹ کو رے ڈایاگرام کی مدد سے دکھائیں۔

قریب نظری اور بعید نظری سے کیا مراد ہے؟ ان نقائص کو کس طرح دور کیا جا سکتا ہے؟

ایک آدمی پلین مرر کے سامنے اپنا دایاں ہاتھ اوپر اٹھاتا ہے۔ پلین مرر میں اس کی امیج دایاں ہاتھ اٹھاتی ہے۔ وضاحت کریں کہ ایسا کیوں ہے؟

اپنے الفاظ میں وضاحت کریں کہ روشنی کی ویو دو میڈیمز کو علیحدہ کرنے والی لائن پر ریفریکٹ کیوں ہوتی ہیں؟

وضاحت کریں کہ پانی کے اندر مچھلی اپنی اصل گہرائی سے مختلف گہرائی پر کیوں دکھائی دیتی ہے۔ کیا یہ اصل گہرائی سے کم یا زیادہ گہرائی پر نظر آتی ہے؟

کنکیو مرر ہمیشہ حقیقی امیجز بناتے ہیں یا نہیں؟ کیوں؟

زیادہ تر کاروں کا ڈرائیور کی طرف والا مرر پلین یا کنکیو مرر کی بجائے کنویکس مرر کیوں ہوتا ہے؟

جب ماہر چشم کا تشخیص کرنا ہوتا ہے تو وہ آپ مریضوں کی نظر چیک کرنے کے لیے مرر استعمال کرتے ہیں۔ وضاحت کریں وہ ایسا کیوں کرتے ہیں۔

لینز کی موٹائی اس کی فوکل لینتھ کو کس طرح متاثر کرتی ہے؟

کنورجنگ لینز کن شرائط کے تحت ورچوئل امیج بناتا ہے؟

کنورجنگ لینز کن شرائط کے تحت جسم کی جسامت کے برابر ایک رئیل امیج بنائے گا؟

ہم زیادہ فوکل لینتھ کے آبجیکٹیو لینز والی ریفریکٹنگ ٹیلی سکوپ کیوں استعمال کرتے ہیں؟

کنویکس مرر کے سامنے 10 cm پر پڑے ہوئے ایک جسم کی امیج مرر کے پیچھے 5 cm پر بنتی ہے۔ مرر کی فوکل لینتھ کیا ہوگی؟

(10 cm)

1. ایک 30 cm اونچا جسم مقعر مرر سے 10.5 cm کے فاصلے پر پڑا ہے۔ اگر مرر کی فوکل لینتھ 16 cm ہو تو

(a) امیج کہاں بنے گی؟ (b) امیج کی اونچائی کیا ہو گی؟ ((a) 30.54 cm (b) 87.26 cm)

2. ایک مقعر مرر سے 20 cm پر پڑے ہوئے جسم کی امیج کی اونچائی جسم کی اونچائی کے برابر ہے۔ تو امیج اصلی ہے۔ مرر کی فوکل لینتھ کیا ہو گی؟

(10 cm)

3. ایک جسم مرر سے 34.4 cm کے فاصلے پر پڑا ہے اور اس کی امیج مرر کے پیچھے 5.66 cm پر بنتی ہے۔ مرر کی فوکل لینتھ معلوم کریں۔ یہ بتائیں کہ مرر مقعر ہے یا محدب؟

(6.77 cm, محدب)

4. ایک کنویکس مرر کی فوکل لینتھ 13.5 cm ہے۔ اس کے سامنے رکھے ہوئے جسم کی امیج مرر کے پیچھے 11.5 cm پر بنتی ہے۔ جسم کا مرر سے فاصلہ معلوم کریں۔

(77.62 cm)

5. ایک مقعر مرر جس کی فوکل لینتھ 8.7 cm ہے سے ایک امیج حاصل ہوتی ہے۔ جسم کی اونچائی 13.2 cm ہے اور یہ مرر سے 19.3 cm کے فاصلے پر ہے۔

(a) امیج کی پوزیشن اور اونچائی معلوم کریں۔ (b) اگر جسم مرر سے دگنے فاصلے پر ہو تو امیج کی اونچائی معلوم کریں۔

((a) 15.84 cm, 10.83 cm (b) 3.84 cm)

6. میک اپ کے لیے ایک مقعر مرر استعمال کی جاتی ہے جس کا ریڈیس آف کرویچر 38 cm ہے۔

(a) مرر کی فوکل لینتھ کیا ہے؟ (b) اگر چہرہ مرر سے 50 cm فاصلے پر ہو تو اس کی امیج کہاں پر دکھائی دے گی؟ (c) امیج سیدھی ہو گی یا الٹی؟

((a) 19 cm (b) 30.64 cm (c) الٹی)

7. ایک جسم جس کی اونچائی 4 cm ہے کنورجنگ لینز سے جس کی فوکل لینتھ 8 cm ہے، 12 cm کے فاصلے پر پڑا ہے۔ امیج کی پوزیشن اور جسامت معلوم کریں۔ یہ بھی بتائیں کہ امیج کی ماہیت کیا ہے۔

(24 cm, 8 cm, اصلی اور الٹی)

8. ایک جسم جس کی اونچائی 10 cm ہے ڈائیورجنگ لینز جس کی فوکل لینتھ 15 cm ہے، سے 20 cm کے فاصلے پر پڑا ہے۔ امیج کی پوزیشن اور جسامت معلوم کریں۔ یہ بھی بتائیں کہ امیج کی ماہیت کیا ہے۔

(-8.57 cm, 4.28 cm, مجازی اور سیدھی)

9. ایک کنورجنگ لینز جس کی فوکل لینتھ 6 cm ہے، جسم کی جسامت سے تین گنا جسامت کی ورچوئل امیج بناتا ہے۔ جسم کہاں پر رکھا ہوا ہے؟

(4 cm)

10. ہوا سے روشنی کی ایک شعاع شیشے کی سطح پر گرتی ہے اور 35° کا اینگل بناتی ہے۔ اگر شیشے کا ریفریکٹیو انڈیکس 1.25 ہو تو اینگل آف ریفریکشن معلوم کریں۔ شیشہ اور ہوا کے درمیان کریٹیکل اینگل معلوم کریں۔

(27.31°, 53.13°)

11. ایک کنورجنگ لینز کی پاور 5 D ہے۔ جسم کو لینز سے کتنے فاصلے پر رکھا جائے کہ اصل جسم کی جسامت سے دو گنا بڑی امیج حاصل ہو؟

(30 cm)

یونٹ 13

ہائیڈروسٹیٹکس

طلبہ کے حاصلاتِ تعلم

[illegible]

☆ [illegible]

☆ بیان کریں کہ [illegible]

☆ [illegible] کا اصول بیان کریں۔

☆ [illegible] کی تعریف اور وضاحت کریں۔

☆ [illegible] کا قانون استعمال کرتے ہوئے [illegible] کے متعلق مشقی سوالات حل کریں۔

☆ [illegible] کی تعریف کریں۔

☆ [illegible]

☆ [illegible] بیان کریں۔

☆ [illegible] کی تعریف کریں۔

☆ بیان کریں [illegible]

☆ ایک [illegible] حالت بیان کریں جس سے پتہ چلتا ہے [illegible]

☆ بیان کریں [illegible]

☆ [illegible] کی تعریف کریں۔

☆ [illegible] کریں۔

☆ [illegible] سوالات حل کریں۔

طلبہ کی تحقیقی مہارت

طلبہ اس قابل ہو جائیں گے۔

☆ [illegible] (spraying of paint) [illegible] (dust extraction) [illegible] استعمال کی وضاحت کریں۔

☆ مختلف [illegible] آلات [illegible] تیار کریں۔

شکل 13.1 [illegible]

اس یونٹ میں ہم ساکن چارجز کی مختلف خصوصیات جیسے کہ چارجز کا الیکٹرک فیلڈ اور الیکٹرک پوٹینشل وغیرہ پڑھیں گے۔ ساکن حالت میں چارجز کی خصوصیات کا مطالعہ الیکٹروسٹیٹکس یا سٹیٹک الیکٹرسٹی کہلاتا ہے۔ ہم سٹیٹک الیکٹرسٹی کے [illegible] اور اس سے بچاؤ کے متعلق تفصیل سے [illegible] بحث کریں گے۔

13.1 الیکٹرک چارجز کی پیدائش (PRODUCTION OF ELECTRIC CHARGES)

شکل 13.2 [illegible]

اگر ہم ایک پلاسٹک کی کنگھی کو بالوں میں پھیرنے کے بعد کاغذ کے چھوٹے ٹکڑوں کے قریب لائیں تو یہ ان کو اپنی طرف کھینچ لیتی ہے (شکل 13.1)۔ اسی طرح جب شیشے کی سلاخ کو ریشم سے رگڑا جائے تو یہ سلاخ کاغذ کے ٹکڑوں کو اپنی طرف کھینچ لیتی ہے۔ اشیا میں کشش پیدا ہونے کی یہ خصوصیت الیکٹرک چارج کی وجہ سے ہوتی ہے جو ان اشیا پر رگڑ کی وجہ سے آتا ہے۔

ہم ایک سادہ تجربے سے واضح کر سکتے ہیں کہ الیکٹرک چارج [illegible] ہیں۔

[illegible] سے ثابت ہوتا ہے کہ [illegible] چارج [illegible] ہوتے ہیں۔

شکل 13.3 [illegible]

(i) پلاسٹک کی ایک سلاخ لیں۔ اسے فر (Fur) کے ساتھ رگڑیں اور معلق حالت میں ریشمی دھاگے کے ساتھ لٹکا دیں (شکل 13.2)۔ اب پلاسٹک کی ایک اور سلاخ کو بھی فر کے ساتھ رگڑ کر معلق سلاخ کے قریب لائیں۔ [illegible] یہ تجربہ ظاہر کرتا ہے کہ دونوں سلاخوں کا چارج [illegible] ہے۔

(ii) شیشے کی ایک سلاخ لیں اور اس کو ریشم کے ساتھ رگڑ کر معلق حالت میں لٹکا دیں۔ جب ہم فر کے ساتھ رگڑی گئی پلاسٹک کی سلاخ کو معلق شیشے کی سلاخ کے قریب لاتے ہیں تو یہ دونوں سلاخیں ایک دوسرے کو کشش کرتی ہیں (شکل 13.3)۔ چونکہ رگڑی گئی دونوں سلاخیں [illegible] ہیں اور دونوں [illegible] ہیں [illegible]

دونوں سلاخیں ایک دوسرے کو دفع کرتی ہیں اس سے ہم یہ نتیجہ اخذ کر سکتے ہیں کہ دونوں سلاخوں پر ایک ہی قسم کا چارج پیدا ہوتا ہے۔

دوسری صورت میں دونوں سلاخیں ایک دوسری کو کشش کرتی ہیں۔ اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ دونوں سلاخوں پر ایک جیسا چارج نہیں ہے۔ بلکہ ان کی نوعیت ایک دوسرے کے مخالف ہیں۔ ان مخالف چارجز کو پازیٹو اور نیگیٹو چارجز کہتے ہیں۔ رگڑ کے عمل کے دوران نیگیٹو چارج ایک جسم سے دوسرے جسم پر منتقل ہو جاتا ہے۔

مندرجہ بالا تجربات سے ہم یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں:

(i) چارج کسی جسم کی ایک ایسی خصوصیت ہے جس کی بنا پر وہ دوسرے جسم کو کشش یا دفع کرتا ہے۔

(ii) مخالف سمت میں رگڑنے کی وجہ سے دو طرح کے چارجز پیدا ہوتے ہیں۔

(iii) ایک جیسے چارجز ایک دوسرے کو دفع کرتے ہیں۔

(iv) مخالف چارجز ایک دوسرے کو کشش کرتے ہیں۔

(v) دفع کرنے کی خصوصیت کسی جسم پر چارج کی موجودگی ظاہر کرتی ہے۔

13.2 الیکٹروسٹیٹک انڈکشن

(ELECTROSTATIC INDUCTION)

اگر ایک چارج شدہ پلاسٹک کی سلاخ کو ایلومینیم کی سلاخ کے قریب لایا جائے تو یہ دونوں سلاخیں ایک دوسرے کو کشش کرتی ہیں (شکل 13.4)۔ چارج شدہ اور غیر چارج شدہ سلاخوں کے درمیان کشش سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ دونوں سلاخوں پر مخالف چارج ہے۔ لیکن یہ درست نہیں ہے۔ چارج شدہ پلاسٹک کی سلاخ کی وجہ سے ایلومینیم سلاخ کے ایک سرے پر پازیٹو اور دوسرے سرے پر نیگیٹو چارج پیدا ہو جاتا ہے لیکن ایلومینیم پر چارج کی کل مقدار صفر ہی رہتی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ کسی جسم پر نیٹ (Net) چارج کی موجودگی کا پتہ لگانے کے لیے کشش کا عمل کافی نہیں ہے۔



شکل 13.4

دو دھاتی گولے A اور B انسولیٹنگ سٹینڈز پر اس طرح رکھیں کہ دونوں ایک دوسرے کو مس کریں جیسا کہ شکل (13.5-a) میں دکھایا گیا ہے۔ اب ایک پازیٹو چارجڈ راڈ کو گولے A کے قریب لائیں (شکل 13.5-b)۔ [illegible] پازیٹو چارج کو [illegible] گولے A کی [illegible] اور گولے B [illegible] پازیٹو چارج پیدا ہو جاتا ہے۔ [illegible] گولے A سے [illegible] گولے A اور B کے درمیان فاصلہ [illegible] دونوں گولے [illegible] مخالف چارج سے (شکل 13.5-c)۔ [illegible] تقسیم ہو جاتے ہیں (شکل 13.5-d)۔

اس عمل سے دھاتی گولوں پر [illegible] مخالف چارج پیدا ہو جاتا ہے [illegible] چارج کرنے کے عمل کو الیکٹروسٹیٹک انڈکشن کہتے ہیں۔

لہذا ہم الیکٹروسٹیٹک انڈکشن کی تعریف اس طرح کرتے ہیں

> کسی چارجڈ باڈی کی موجودگی میں ایک کنڈکٹر [illegible] سرے پر مخالف چارج پیدا ہونے کے عمل کو الیکٹروسٹیٹک انڈکشن کہتے ہیں۔

شکل 13.5 الیکٹروسٹیٹک انڈکشن کے ذریعے گولوں کو چارج کرنے کا عمل

13.3 الیکٹروسکوپ

(ELECTROSCOPE)

گولڈ لیف (Gold Leaf) الیکٹروسکوپ [illegible] جس کی مدد سے کسی جسم پر چارج کی موجودگی کا پتا لگاتے ہیں۔ [illegible] جس کے اوپر والے سرے پر [illegible] ڈسک (Disk) اور نچلے سرے پر [illegible] اوراق لگے ہوتے ہیں (شکل 13.6)۔ [illegible] فٹ کیا جاتا ہے۔ [illegible] فوائل (Foil) [illegible] تانبے کی تار [illegible] زمین کے ساتھ جوڑ دیا جاتا ہے جس سے [illegible] اوراق کو [illegible] الیکٹریکل (Disturbance) سے محفوظ رکھتے ہیں۔

شکل 13.6

چارج کی موجودگی کا پتہ چلانا

(Detecting the Presence of Charge)

کسی جسم پر چارج کی موجودگی کا پتہ لگانے کے لیے اس کو ایک چارج شدہ الیکٹروسکوپ کی ڈسک کے نزدیک لائیں۔ اگر جسم نیوٹرل ہے تو ورق اپنی نارمل حالت میں ہی رہیں گے (شکل 13.7-a)۔ لیکن اگر جسم پر پازیٹو یا نیگیٹو چارج ہے تو ورق کھل جائیں گے۔ فرض کریں الیکٹروسکوپ کے نزدیک لائے جانے والے جسم پر نیگیٹو چارج ہے۔ انڈکشن کی وجہ سے ڈسک پر پازیٹو چارج اور دونوں ورقوں پر نیگیٹو چارج آ جائے گا (شکل 13.7-b)۔ چونکہ دونوں ورق پر ایک جیسے چارج ہیں اس لیے یہ ایک دوسرے کو دور دھکیلتے ہیں اور کھل جاتے ہیں۔ ورقوں کے پھیلاؤ کا انحصار چارج کی مقدار پر ہوتا ہے۔



الیکٹروسٹیٹک انڈکشن کے ذریعے الیکٹروسکوپ کو چارج کرنا

(Charging the Electroscope by Electrostatic Induction)

الیکٹروسکوپ کو الیکٹروسٹیٹک انڈکشن کے عمل سے چارج کیا جا سکتا ہے۔ الیکٹروسکوپ کو پازیٹو طور پر چارج کرنے کے لیے ہم ایک نیگیٹو طور پر چارج شدہ سلاخ کو اس کی ڈسک کے قریب لاتے ہیں (شکل 13.8-a)۔ اس طرح ڈسک پر پازیٹو چارج جمع ہو جائے گا جبکہ نیگیٹو چارج ورقوں کی طرف منتقل ہو جائے گا۔ اب الیکٹروسکوپ کی ڈسک کو زمین شدہ تار کی مدد سے زمین سے ملا دیں (شکل 13.8-b)۔ ورقوں کے چارج زمین میں منتقل ہو جاتے ہیں اور الیکٹروسکوپ پر صرف پازیٹو چارج رہ جاتا ہے۔ اگر پہلے زمینی تار کو اور پھر سلاخ کو الیکٹروسکوپ سے دور ہٹا دیں تو الیکٹروسکوپ پر پازیٹو چارج رہ جائے گا (شکل 13.8-c)۔

اسی طرح پازیٹو طور پر چارج کی گئی سلاخ کی مدد سے الیکٹروسکوپ پر نیگیٹو چارج کیا جا سکتا ہے۔ کیا آپ اس کی بذریعہ تجربہ وضاحت کر سکتے ہیں؟

شکل 13.8

لیف الیکٹروسکوپ کو انڈکشن کے عمل سے بھی چارج کیا جا سکتا ہے۔ کسی منفی چارج شدہ راڈ کی
مدد سے گولڈ لیف الیکٹروسکوپ کی ڈسک کو چھوئیں تو منفی چارج
لیف الیکٹروسکوپ پر منتقل ہو جائے گا اور اس کے ورق کھل جائیں گے۔

چارج کی نوعیت کا پتہ چلانا

(Detecting the Type of Charge)

کسی جسم پر چارج کی نوعیت کے بارے میں جاننے کے لیے ہم پہلے الیکٹروسکوپ کو کسی معلوم چارج سے چارج کرتے ہیں۔ فرض کریں کہ لیف الیکٹروسکوپ کو مثبت چارج دیا گیا ہے جیسا کہ پہلے وضاحت کی گئی ہے (شکل 13.9-a)۔ اب جسم پر چارج کی نوعیت معلوم کرنے کے لیے چارج شدہ جسم کو گولڈ لیف الیکٹروسکوپ کی ڈسک کے قریب لائیں۔ اگر ورق کا پھیلاؤ بڑھ جائے تو جسم پر مثبت چارج ہوگا (شکل 13.9-b)۔ اگر ورق کا پھیلاؤ کم ہو جائے تو جسم پر منفی چارج ہوگا (شکل 13.9-c)۔

شکل 13.9

موصل اور حاجز کی پہچان

(Identifying Conductors and Insulators)

ہم الیکٹروسکوپ کی مدد سے کنڈکٹرز اور انسولیٹرز کے درمیان فرق کر سکتے ہیں۔ ایک چارج شدہ لیف الیکٹروسکوپ کی ڈسک کو کسی مادے کے جسم سے مس کریں۔ اگر جسم سے مس کرتے ہی ورق ...

چھپیں وہ ختم ہو جائے تو وہ جسم ایک پوائنٹ ہے اور گراوٹ کے پھیلاؤ میں وہی سپیڈ بھی موجود جسم کا نسبتاً اثر ہوگا۔

13.4 کولمب کا قانون

(COULOMB'S LAW)

ہم جانتے ہیں کہ چارج شدہ اجسام کے درمیان کشش یا دفع کی فورس پائی جاتی ہے۔ چارج شدہ اجسام پر چارج کی مقدار کم یا زیادہ ہو یا ان کے درمیان فاصلہ کم یا زیادہ ہو جائے تو اس فورس پر کیا اثر پڑتا ہے؟ ان سوالات کے جوابات معلوم کرنے کے لیے فرانسیسی سائنسدان چارلس کولمب (1736-1806) نے 1785 میں تجربات کیے اور دو چارج شدہ اجسام کے درمیان الیکٹروسٹیٹک فورس کا پتہ چلایا اور قانون پیش کیا۔ اس قانون کے مطابق

دو چارج شدہ اجسام کے درمیان کشش یا دفع کی فورس ان اجسام پر چارج کی مقدار کے حاصل ضرب کے ڈائریکٹلی پروپورشنل اور ان کے درمیان فاصلے کے مربع کے انورسلی پروپورشنل ہوتی ہے۔



شکل 13.10-a ... درمیان کشش



شکل 13.10-b ... درمیان دفع

یعنی

$$F \propto q_1 q_2 \quad ....(13.1)$$

$$F \propto \frac{1}{r^2} \quad ....(13.2)$$

مساوات (13.1) اور (13.2) کو یکجا کرنے سے

$$F \propto \frac{q_1 q_2}{r^2}$$

$$F = k\frac{q_1 q_2}{r^2} \quad ....(13.3)$$

مساوات (13.3) کو کولمب کا قانون کہتے ہیں۔ یہاں F دو چارجز کے درمیان فورس ہے جسے کولمب فورس کہتے ہیں۔ q_1 اور q_2 دو اجسام پر چارج کی مقدار اور r دو چارجز کا درمیانی فاصلہ ہے۔ جبکہ k ایک کونسٹنٹ ہے جو کولمب کونسٹنٹ کہلاتا ہے۔ اس کی قیمت کا انحصار دونوں چارجز کے درمیان موجود میڈیم پر ہوتا ہے۔





سسٹم انٹرنیشنل (SI) میں جب چارجز کے درمیان خلا یا ہوا ہو تو اس صورت میں k کی قیمت $9 \times 10^9\ N\,m^2 C^{-2}$ ہوتی ہے۔

اگر چارجڈ اجسام کی جسامت ان کے درمیان فاصلے کے مقابلے میں بہت کم ہو تو ایسے اجسام کو پوائنٹ چارج کہتے ہیں۔ کولمب کے قانون کا اطلاق پوائنٹ چارجز پر ہوتا ہے۔

مثال: دو اجسام پر چارج کی مقدار $500\ \mu C$ اور $100\ \mu C$ ہے۔ دونوں چارجز کے درمیان فاصلہ $0.5\ m$ ہے۔ ان کے درمیان فورس معلوم کریں۔

حل

$$q_1 = 500\ \mu C = 500 \times 10^{-6}\ C$$

$$q_2 = 100\ \mu C = 100 \times 10^{-6}\ C$$

$$r = 0.5\ m$$

کولمب کے قانون کے مطابق $F = k\dfrac{q_1 q_2}{r^2}$

قیمتیں درج کرنے سے

$$F = 9 \times 10^9\ N\,m^2 C^{-2} \times \frac{500 \times 10^{-6}\ C \times 100 \times 10^{-6}\ C}{(0.5\ m)^2}$$

$$F = 1800\ N$$

کولمب کے قانون کے مطابق اگر ایک مثبت پوائنٹ چارج q_0 کو چارج q کے قریب لایا جائے تو چارج q_0 پر ایک فورس عمل کرے گی۔ اس فورس کی مقدار کا انحصار دونوں چارجز کے درمیان فاصلے پر ہوگا۔ اگر چارج q_0 کو چارج q سے دور لے جایا جائے تو ان کے درمیان فورس کم ہوتی جائے گی۔ ایک خاص فاصلے کے بعد یہ فورس مکمل طور پر ختم ہو جائے گی۔ چارج q_0 پر چارج q کے گرد وہ جگہ جہاں تک چارج q کا اثر محسوس کیا جا سکتا ہے، اس چارج کی الیکٹرک فیلڈ کہلاتی ہے۔

کسی چارج کی الیکٹرک فیلڈ سے مراد چارج کے گرد وہ جگہ ہے جس میں یہ دوسرے چارج پر الیکٹروسٹیٹک فورس لگاتا ہے۔

الیکٹرک فیلڈ انٹینسٹی
(Electric Field Intensity)

خلا کے کسی مقام پر الیکٹرک فیلڈ کی شدت کو الیکٹرک فیلڈ انٹینسٹی کہتے ہیں۔



شکل 13.11

چارج +q کے فیلڈ میں کسی مقام پر الیکٹرک فیلڈ انٹینسٹی معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ وہاں ایک پازیٹو ٹیسٹ چارج q_0 رکھا جائے (شکل 13.11)۔ اگر اس پر فورس F عمل کرے تو اس مقام پر الیکٹرک فیلڈ انٹینسٹی E درج ذیل ہوگی

$$E = \frac{F}{q_0} \qquad (13.4)$$

الیکٹرک فیلڈ انٹینسٹی یونٹ پازیٹو چارج پر عمل کرنے والی فورس کے برابر ہوتی ہے۔

الیکٹرک انٹینسٹی کا SI یونٹ نیوٹن فی کولمب (NC^{-1}) ہے۔



مخالف چارجز کے درمیان الیکٹرک فیلڈ لائنز

اگر کسی مقام پر چارجز کی خاص ترتیب کے باعث الیکٹرک فیلڈ E معلوم ہو تو اس مقام پر چارج q پر عمل کرنے والی فورس F درج ذیل فارمولا سے معلوم کی جا سکتی ہے

$$F = qE \qquad (13.5)$$

الیکٹرک انٹینسٹی چونکہ یونٹ چارج پر عمل کرنے والی فورس ہے، اس لیے یہ ایک ویکٹر مقدار ہے۔ اس کی سمت وہی ہوتی ہے جو کہ فورس F کی ہے۔ اگر ٹیسٹ چارج نیگیٹو ہو تو فورس کا رخ الیکٹرک انٹینسٹی کی سمت کے مخالف ہوگا۔



دو ایک جیسے چارجز کے درمیان الیکٹرک فیلڈ لائنز

الیکٹرک فیلڈ لائنز
(Electric Field Lines)

کسی الیکٹرک فیلڈ میں الیکٹرک انٹینسٹی کی سمت کو لائنز کے ذریعے بھی ظاہر کیا جا سکتا ہے۔ ان لائنز کو الیکٹرک لائنز آف فورس کہتے ہیں۔ ان لائنز کا تصور مائیکل فیراڈے نے متعارف کروایا تھا۔ فیلڈ لائنز چارج کے گرد کھنچی جاتی ہیں۔ ان لائنز پر تیر کا نشان فورس کی سمت ظاہر کرتا ہے۔ پازیٹو چارج کی وجہ سے ان لائنز کی سمت باہر کی جانب جبکہ نیگیٹو چارج کی وجہ سے اندر کی جانب ہوتی ہے۔ لائنز آف فورس کا درمیانی فاصلہ الیکٹرک فیلڈ کی شدت کو ظاہر کرتا ہے۔

الیکٹرک فیلڈ لائنز

آئسولیٹڈ (Isolated) پوزیٹو اور نیگیٹو پوائنٹ چارج کی وجہ سے پیدا ہونے والی ... فورس کو بھی دکھایا گیا ہے۔





13.6 الیکٹروسٹیٹک پوٹینشل (ELECTROSTATIC POTENTIAL)

جس طرح کہ زمین کی گریویٹیشنل فیلڈ کے اندر کسی مقام پر کسی ماس کی گریویٹیشنل پوٹینشل انرجی ہوتی ہے ... اسی طرح الیکٹرک فیلڈ کے اندر کسی مقام پر ایک پوزیٹو چارج کی الیکٹریکل پوٹینشل انرجی ... اس مقام پر الیکٹرک پوٹینشل کہلاتی ہے۔

الیکٹرک فیلڈ میں کسی پوائنٹ پر الیکٹرک پوٹینشل ورک کی اس مقدار کے برابر ہوتا ہے جو ایک یونٹ پوزیٹو چارج کو لامحدود فاصلہ سے فیلڈ کے اس پوائنٹ تک لانے میں کیا جاتا ہے۔

اگر ایک پوزیٹو چارج q کو لامحدود فاصلہ سے فیلڈ میں کسی پوائنٹ تک لانے میں ورک W کیا جائے تو اس پوائنٹ پر الیکٹرک پوٹینشل V درج ذیل طرح سے ہوتا ہے

$$V = \frac{W}{q} \qquad (13.6)$$

الیکٹرک پوٹینشل کی پیمائش کسی ریفرنس پوائنٹ کے حساب سے کی جاتی ہے۔ پوٹینشل انرجی کی طرح ہم صرف دو پوائنٹس کے درمیان پوٹینشل کی تبدیلی کی پیمائش کر سکتے ہیں۔ مطلق پوٹینشل

5 ... 10 cm ... 5 NC

ایک سکیلر مقدار ہے۔ اس کا SI یونٹ وولٹ (V) ہے جو کہ ($1 V = 1 J C^{-1}$) ہے۔ وولٹ کی تعریف یوں کی جاتی ہے

اگر ایک یونٹ پازیٹو چارج کو ایک پوائنٹ سے دوسرے پوائنٹ تک لانے میں ایک جول ورک درکار ہو تو اس پوائنٹ کا الیکٹرک پوٹینشل ایک وولٹ ہوگا۔

گریوی ٹیشنل فیلڈ میں اگر کسی جسم کو آزادانہ چھوڑ دیا جائے تو یہ زیادہ پوٹینشل انرجی والے مقام سے کم پوٹینشل انرجی والے مقام کی طرف حرکت کرتا ہے۔ اسی طرح اگر کسی الیکٹرک فیلڈ میں کوئی پازیٹو چارج آزادانہ حرکت کے لیے چھوڑ دیا جائے تو یہ بھی زیادہ پوٹینشل والے پوائنٹ A سے کم پوٹینشل والے پوائنٹ B کی طرف حرکت کرے گا شکل (13.12)۔



شکل 13.12 زیادہ پوٹینشل سے کم پوٹینشل کی طرف

اگر پوائنٹ A کا پوٹینشل V_A اور پوائنٹ B کا پوٹینشل V_B ہو تو پوائنٹس A اور B پر چارج q کی پوٹینشل انرجی بالترتیب qV_A اور qV_B ہوگی۔ جب چارج پوائنٹ A سے حرکت کرتا ہوا پوائنٹ B تک پہنچتا ہے تو پوٹینشل انرجی کا یہ فرق $(qV_A - qV_B)$ کسی انرجی میں تبدیل ہو جاتا ہے اور اس انرجی سے ہم مختلف کام لے سکتے ہیں۔ لہذا

$$W = q(V_A - V_B) \quad \text{(13.7)}$$ چارج کی سپلائی کردہ انرجی

اگر چارج q کی مقدار ایک کولمب ہو تو دو پوائنٹس کے درمیان پوٹینشل کا فرق یونٹ چارج کی سپلائی کردہ انرجی کے برابر ہوگا۔ یعنی

دو پوائنٹس کے درمیان پوٹینشل کا فرق اس انرجی کے برابر ہوتا ہے جو ایک یونٹ پازیٹو چارج ایک پوائنٹ سے دوسرے پوائنٹ تک فیلڈ کی سمت میں حرکت کرتے ہوئے منتقل کرتا ہے۔

اگر ہم پوزیٹو چارج کو فیلڈ کی مخالف سمت میں حرکت دیں تو کم پوٹینشل والے پوائنٹ سے زیادہ پوٹینشل والے پوائنٹ تک منتقل کرنا چاہیں تو ہمیں اس چارج پر ورک کرنا پڑے گا۔

13.7 کپیسیٹر اور کپیسیٹینس

(CAPACITOR AND CAPACITANCE)

چارج کو سٹور کرنے کے لیے جو آلہ استعمال ہوتا ہے اسے کپیسیٹر کہتے ہیں۔ یہ دو متوازی دھاتی پلیٹوں پر مشتمل ہوتا ہے جن کا درمیانی فاصلہ بہت کم ہوتا ہے (شکل 13.13-a)۔ ان پلیٹوں کے درمیان کوئی انسولیٹنگ میٹیریل ہوتا ہے جسے ڈائی الیکٹرک (Dielectric) کہتے ہیں۔

شکل 13.13

اگر کپیسیٹر کو V وولٹیج کی بیٹری کے ساتھ جوڑ دیا جائے تو بیٹری پلیٹ B سے +Q چارج پلیٹ A پر منتقل کر دیتی ہے۔ اس طرح سے پلیٹ A پر +Q چارج اور پلیٹ B پر -Q چارج پیدا ہو جاتا ہے۔ چارجز اپنی کشش کی وجہ سے پلیٹ کے ساتھ چپکے رہتے ہیں اور بیٹری منقطع کرنے پر بھی رہتے ہیں۔ تجربہ سے پتہ چلتا ہے کہ کپیسیٹر کی پلیٹوں پر سٹور شدہ چارج Q ان کے درمیان پوٹینشل ڈفرنس V کے ڈائریکٹلی پروپورشنل ہوتا ہے یعنی

$$Q \propto V$$

$$Q = C V \quad \text{......} (13.8)$$

جہاں C ایک کانسٹنٹ ہے اور اسے کپیسیٹر کی کپیسیٹینس کہتے ہیں۔ اس کی تعریف ہم یوں کر سکتے ہیں

کسی کپیسیٹر کی چارج سٹور کرنے کی صلاحیت کو کپیسیٹینس کہا جاتا ہے۔

کسی کپیسٹر کی کپیسی ٹینس چارج اور الیکٹرک پوٹینشل کی نسبت کے برابر ہے

$$C = \frac{Q}{V}$$

کپیسی ٹینس کے SI یونٹ کو فیراڈ (F) کہتے ہیں جس کی تعریف یوں ہے

اگر کسی کپیسٹر کی پلیٹ کو ایک کولمب چارج دینے پر اس کی پلیٹس کے درمیان پوٹینشل ڈفرنس ایک وولٹ ہو تو اس کی کپیسی ٹینس ایک فیراڈ ہوگی۔

فیراڈ ایک بڑا یونٹ ہے۔ عام طور پر ہم اس سے چھوٹے یونٹس، مائیکرو فیراڈ (μF)، نینو فیراڈ (nF) اور پیکو فیراڈ (pF) استعمال کرتے ہیں۔

مثال: ایک کپیسٹر دو متوازی پلیٹس پر مشتمل ہے جس کی کپیسی ٹینس 100 pF ہے۔ اگر اس کی پلیٹس کے درمیان پوٹینشل ڈفرنس 50 V ہو تو کپیسٹر کی ہر پلیٹ پر موجود چارج کی مقدار معلوم کریں۔

حل $C = 100\ pF = 100 \times 10^{-12}\ F \quad V = 50\ V, \quad Q = ?$

کپیسٹر پر چارج معلوم کرنے کے لیے

$$Q = CV$$
$$= 100 \times 10^{-12}\ F \times 50\ V$$
$$= 5 \times 10^{-9}\ C$$

کیونکہ $(1\ nC = 10^{-9}\ C)$ اس لیے

$$Q = 5\ nC$$

کیونکہ کپیسٹر دو متوازی پلیٹس پر مشتمل ہے اس لیے ہر پلیٹ پر چارج کی مقدار مساوی یعنی 5 nC ہوگی۔

کپیسٹرز کو جوڑنے کے طریقے

(Combinations of Capacitors)

کپیسٹرز مختلف کپیسی ٹینس کے بنائے جاتے ہیں۔ عام طور پر ان کو سیریز یا پیرالل طریقے سے جوڑ کر مطلوبہ کپیسی ٹینس حاصل کی جا سکتی ہے۔ کپیسٹرز کو دو طریقوں سے جوڑا جا سکتا ہے

مائیکرو فیراڈ $1 = 1\ \mu F = 1 \times 10^{-6}\ F$

(1) سلسلہ وار (2) متوازی

کپیسٹرز کا متوازی کمبی نیشن

(Parallel Combination of Capacitors)



اس طریقے میں کپیسٹرز کی تمام پلیٹوں کو اس طرح جوڑا جاتا ہے کہ ان کی ایک طرف کی پلیٹیں ایک پوائنٹ سے اور دوسری طرف کی پلیٹیں دوسرے پوائنٹ سے جڑی ہوں اور پھر بیٹری کے ٹرمینلز سے جوڑ دیا جاتا ہے جیسا کہ شکل 13.14 میں دکھایا گیا ہے۔ اس کی خصوصیات یہ ہیں:

(1) ہر کپیسٹر کی دونوں پلیٹوں کے درمیان پوٹینشل ڈفرنس یکساں ہوتا ہے جو بیٹری کے وولٹیج V کے برابر ہوتا ہے۔

$$V = V_1 = V_2 = V_3$$

(2) ہر کپیسٹر پر چارج اس کی کپیسیٹنس کے مطابق مختلف ہوتا ہے۔

(3) سرکٹ میں کل چارج Q تمام کپیسٹرز پر چارجز کے مجموعے کے برابر ہوتا ہے۔

$$Q = Q_1 + Q_2 + Q_3$$

$$Q = C_1V + C_2V + C_3V$$

یا

$$Q = V(C_1 + C_2 + C_3)$$

یا

$$\frac{Q}{V} = C_1 + C_2 + C_3$$

(4) متوازی کمبی نیشن کی مساوی کپیسیٹنس تمام کپیسٹرز کی کپیسیٹنس کے مجموعے کے برابر ہوتی ہے جسے C_{eq} سے ظاہر کرتے ہیں۔

$$C_{eq} = C_1 + C_2 + C_3$$

اگر n کپیسٹرز کو متوازی طریقے سے جوڑا جائے تو ان کی مساوی کپیسیٹنس ہوگی:

$$C_{eq} = C_1 + C_2 + C_3 + \ldots\ldots + C_n \quad \ldots\ldots (13.9)$$

مثال 13.3: 3 µF، 4 µF اور 5 µF کے تین کپیسٹرز متوازی طریقے سے 6 V کی بیٹری سے جوڑے گئے ہیں۔ معلوم کریں $(1\ \mu F = 10^{-6}\ F)$

(a) مساوی کپیسیٹنس

(b) ہر کپیسٹر کے اطراف وولٹیج

(c) ہر کپیسٹر کی پلیٹ پر چارج

حل: دی گئی مثال کے مطابق



(a) مساوی کپیسیٹنس $C_{eq} = C_1 + C_2 + C_3$

$$C_{eq} = 3\times10^{-6}\ F + 4\times10^{-6}\ F + 5\times10^{-6}\ F$$

$$C_{eq} = (3+4+5)\times10^{-6}\ F = 12\times10^{-6}\ F$$

$$C_{eq} = 12\ \mu F$$

(b) کیونکہ تینوں کپیسٹر 6V کی بیٹری سے متوازی جڑے ہوئے ہیں اس لیے ہر کپیسٹر کے اطراف وولٹیج کی مقدار بیٹری کے وولٹیج کے برابر ہو گی یعنی

$$V_1 = V_2 = V_3 = V = 6\ V$$

(c) کپیسٹر C_1 پر چارج

$$Q_1 = C_1 V$$

$$Q_1 = 3\times10^{-6}\ F \times 6\ V = (3\times6)\times10^{-6}\ FV$$

$$Q_1 = 18\ \mu C$$

اسی طرح کپیسٹرز C_2 اور C_3 پر چارج کی مقدار بالترتیب $24\ \mu C$ اور $30\ \mu C$ ہو گی۔

(ii) کپیسٹرز کو جوڑنے کا سیریز طریقہ

(Series Combination of Capacitors)



شکل 13.15

اس طریقہ میں ایک کپیسٹر کی دوسری پلیٹ دوسرے کپیسٹر کی پہلی پلیٹ سے جوڑ دی جاتی ہے (شکل 13.15)۔ اس جوڑ کی مندرجہ ذیل خصوصیات ہیں

(1) اگر اس جوڑ کو کسی بیٹری سے جوڑ دیا جائے تو ہر کپیسٹر پر چارج کی مقدار ایک جیسی ہو گی۔ بیٹری کپیسٹر C_1 کی بائیں پلیٹ کو چارج $+Q$ سپلائی کرتی ہے جو انڈکشن کی وجہ سے اس کپیسٹر کی دائیں پلیٹ پر چارج $-Q$ پیدا کرتا ہے۔ نتیجتاً کپیسٹر C_2 کی بائیں پلیٹ پر چارج $+Q$ پیدا

ہو جاتا ہے۔ اس کے نتیجے میں ہر کپیسٹر پر چارج Q ہو جاتا ہے یعنی

$$Q = Q_1 = Q_2 = Q_3$$

(2) ہر کپیسٹر کی پلیٹوں کے اطراف پوٹینشل ڈفرنس اس کی کپیسیٹنس کی مختلف قیمتوں کی وجہ سے مختلف ہوگا۔

(3) بیٹری کا وولٹیج V تمام کپیسٹرز میں تقسیم ہو جاتا ہے یعنی

$$V = V_1 + V_2 + V_3$$

$$V = \frac{Q}{C_1} + \frac{Q}{C_2} + \frac{Q}{C_3}$$

$$V = Q\left(\frac{1}{C_1} + \frac{1}{C_2} + \frac{1}{C_3}\right)$$

$$\frac{V}{Q} = \left(\frac{1}{C_1} + \frac{1}{C_2} + \frac{1}{C_3}\right)$$

(4) ہم سیریز میں جڑے ہوئے کپیسٹرز کی جگہ ایک ایسا مساوی کپیسیٹنس

C_{eq} سے ظاہر کر سکتے ہیں۔ اس لیے

$$\frac{1}{C_{eq}} = \frac{1}{C_1} + \frac{1}{C_2} + \frac{1}{C_3}$$

اگر n کپیسٹرز سیریز میں جڑے ہوئے ہوں تو ان کی مساوی کپیسیٹنس یہ ہوگی

$$\frac{1}{C_{eq}} = \frac{1}{C_1} + \frac{1}{C_2} + \frac{1}{C_3} + \cdots + \frac{1}{C_n} \qquad (13.10)$$

مثال 13.4 کپیسیٹنس 3 μF، 4 μF اور 5 μF کی کپیسیٹنس کے تین کپیسٹرز سیریز میں جوڑے گئے ہیں اور 6 V کی بیٹری سے جوڑ دیے گئے ہیں۔ درج ذیل مقداریں معلوم کیجیے۔ $(1\,\mu F = 10^{-6} F)$

(a) سیریز جوڑ کی مساوی کپیسیٹنس

(b) ہر کپیسٹر پر چارج کی مقدار

(c) ہر کپیسٹر کے اطراف وولٹیج

حل: دی گئی شکل کے مطابق

(a) سیریز جوڑ کی مساوی کپیسیٹنس

$$\frac{1}{C_{eq}} = \frac{1}{C_1} + \frac{1}{C_2} + \frac{1}{C_3}$$

$$\frac{1}{C_{eq}} = \frac{1}{3\times10^{-6}\,F} + \frac{1}{4\times10^{-6}\,F} + \frac{1}{5\times10^{-6}\,F}$$

$$\frac{1}{C_{eq}} = \left[\frac{1}{3} + \frac{1}{4} + \frac{1}{5}\right]\times\frac{1}{10^{-6}\,F}$$

$$\frac{1}{C_{eq}} = \frac{47}{60}\times\frac{1}{10^{-6}\,F}$$

$$C_{eq} = 1.3\ \mu F$$

(b) سیریز میں ہر کپیسٹر پر چارج کی مقدار مساوی ہوتی ہے۔ لہذا

$$Q = C\,V = (1.3\times10^{-6}\,F)(6\,V)$$

$$Q = 7.8\ \mu C$$

(c) کپیسٹر C_1 کے اطراف وولٹیج

$$V_1 = \frac{Q}{C_1} = \frac{7.8\times10^{-6}\,C}{3\times10^{-6}\,F} = 2.6\,V$$

کپیسٹر C_2 کے اطراف وولٹیج

$$V_2 = \frac{Q}{C_2} = \frac{7.8\times10^{-6}\,C}{4\times10^{-6}\,F} = 1.95\,V$$

کپیسٹر C_3 کے اطراف وولٹیج

$$V_3 = \frac{Q}{C_3} = \frac{7.8\times10^{-6}\,C}{5\times10^{-6}\,F} = 1.56\,V$$



13.8 کپیسٹرز کی مختلف اقسام

DIFFERENT TYPES OF CAPACITORS

عام طور پر متوازی پلیٹس کپیسٹرز آلات میں استعمال نہیں ہوتے کیونکہ زیادہ مقدار میں چارج کو سٹور کرنے کے لیے ان کا سائز بڑا ہونا چاہیے جو کہ مناسب نہیں ہے۔ عملی طور پر کپیسٹر کی پلیٹس کے درمیان ڈائی الیکٹرک میڈیم ہوتا ہے۔ یہ ایک چپ یا ٹیوب پر مشتمل ہوتا ہے جس کو پیپر کی صورت میں رول کیا جا سکتا ہے

اس طریقے سے ہم بڑی کپیسٹینس کے کپیسٹر بنا سکتے ہیں اور اس طرح کپیسٹر بہت چھوٹے ہو جاتے ہیں۔ بعض کپیسٹرز میں چارج کپیسٹی فکسڈ ہوتی ہے جبکہ بعض کپیسٹرز کی کپیسٹینس تبدیل کی جا سکتی ہے۔ کپیسٹرز کو اپنی ساخت اور ان میں استعمال ہونے والے ڈائی الیکٹرک کے لحاظ سے کئی اقسام میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

شکل 13.16

پیپر کپیسٹر فکسڈ کپیسٹر کی مثال ہے (شکل 13.16)۔ اس کی ساخت سلنڈر نما ہوتی ہے۔ موم یا آئل یا گریس شدہ پیپر کو ایلومینیم کی شیٹ کی دو تہوں کے درمیان ڈائی الیکٹرک کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ انہیں بہت مضبوطی سے سلنڈر کی شکل میں لپیٹ کر پلاسٹک کے خول میں ڈال دیا جاتا ہے۔

شکل 13.17 (a)





فکسڈ کپیسٹر کی ایک اور مثال مائیکا (Mica) کپیسٹر ہے۔ دھات کی پلیٹوں کے درمیان مائیکا کو بطور ڈائی الیکٹرک استعمال کر کے مائیکا کپیسٹر بنایا جاتا ہے (شکل 13.17-a)۔ چونکہ مائیکا بہت نازک ہوتا ہے اس لیے اسے پلاسٹک یا کسی انسولیٹر کے خول میں بند کر دیا جاتا ہے۔ کنکشن کے لیے پلیٹوں سے جڑی ہوئی تاریں خول سے باہر نکال دی جاتی ہیں (شکل 13.17 b)۔ کبھی کبھی دھات کی پلیٹوں اور مائیکا کی شیٹوں کو ایک ساتھ لپیٹ کر آئل میں ڈال دیا جاتا ہے۔



ویری ایبل کپیسٹر میں پلیٹوں کے دو سیٹ ایک دوسرے کے آمنے سامنے ہوتے ہیں (شکل 13.18)۔ یہ کپیسٹر عام طور پر ایئر کپیسٹر بنایا جاتا ہے اور اس میں ہوا بطور ڈائی الیکٹرک استعمال ہوتی ہے۔ یہ پلیٹوں کے دو سیٹوں پر مشتمل ہوتا ہے جن میں سے ایک سیٹ ساکن ہوتا ہے جبکہ دوسرا سیٹ گھوم سکتا ہے۔ چونکہ ان سیٹوں کے درمیان فاصلہ ہوتا ہے اس لیے دوسرے سیٹ کی پلیٹیں پہلے سیٹ کی پلیٹوں کے بیچ سے بغیر چھوئے گزرتی ہیں۔ ان سیٹوں کو ایک دوسرے کے آمنے سامنے کرنے سے کپیسٹر کی کپیسٹینس تبدیل ہوتی ہے۔ چنانچہ گھومنے والے سیٹ کی پلیٹوں کو گھما کر کپیسٹینس کو کم یا زیادہ کیا جا سکتا ہے۔ ایسے کپیسٹر عام طور پر ریڈیو میں ٹیوننگ کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔

سیدھا کرنٹ وولٹیج پر چارج کی زیادہ مقدار ذخیرہ کرنے کے لیے ... الیکٹرولائٹک



الیکٹرولائٹک (Electrolytic) کپیسٹر استعمال ہوتا ہے (شکل 13.19)۔ یہ دھاتی فوائل پر مشتمل ہے جو الیکٹرولائٹ سے ملی ہوتی ہے۔ الیکٹرولائٹ ایک سلوشن ہے جس میں آئنز کی وجہ سے کرنٹ بہتا ہے۔ جب فوائل اور الیکٹرولائٹ کے درمیان وولٹیج مہیا کیا جاتا ہے تو فوائل پر ایک پتلی سی میٹل آکسائڈ کی تہ بن جاتی ہے۔ یہ تہ ڈائی الیکٹرک کا کام سرانجام دیتی ہے۔ ڈائی الیکٹرک کی تہ باریک ہونے کی وجہ سے کپیسیٹنس کی بڑی مطلوبہ قیمت حاصل کی جا سکتی ہے۔

کپیسٹرز کا استعمال (Uses of Capacitors)

روزمرہ زندگی میں کپیسٹرز الیکٹرک اور الیکٹرونک سرکٹ میں بہت زیادہ استعمال ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر کپیسٹرز ٹرانسمیٹرز، ریسیورز اور ریڈیو میں ٹیوننگ کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ کپیسٹرز کا استعمال اور بہت سی چیزوں میں بھی ہوتا ہے جیسے کہ بجلی کے پنکھے، موٹر، ایگزاسٹ (Exhaust) فین، ایئرکنڈیشنر، واشنگ مشین اور بہت سی گھریلو استعمال کی چیزیں کپیسٹرز کے استعمال سے رواں ہوتی ہیں۔ کپیسٹرز کمپیوٹر کے الیکٹرونک سرکٹ میں بھی استعمال ہوتے ہیں۔ کپیسٹرز زیادہ فریکوئنسی اور کم فریکوئنسی کے سگنلز کے درمیان فرق کرنے کے لیے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اس لیے الیکٹرونک سرکٹس میں کپیسٹرز کا استعمال بہت فائدہ مند ہو گیا ہے۔ مثال کے طور پر کپیسٹرز کو ریزونینٹ (Resonant) سرکٹ میں استعمال کر کے ریڈیو کو ایک خاص فریکوئنسی پر ٹیون (Tune) کیا جا سکتا ہے۔ ایسے سرکٹ کو فلٹر سرکٹ کہتے ہیں۔ مختلف مقاصد کے لیے مختلف قسم کے کپیسٹرز استعمال ہوتے ہیں۔ سرامک (Ceramic) کپیسٹرز باقی تمام کپیسٹرز سے بہتر ہوتے ہیں جس کی وجہ سے ان کا بہت زیادہ استعمال کیا جاتا ہے۔

13.9 الیکٹرونکس کا اطلاق

عملی الیکٹرونکس کا ہماری روزمرہ زندگی میں بہت اہم کردار ہے جیسا کہ ...

(Allergy)

(شکل 13.20)



Painting

(شکل 13.21)







13.10 [illegible]

SOME HAZARDS OF STATIC ELECTRICITY

آسمانی بجلی (Lightning)

آسمانی بجلی کی وجہ بادلوں [illegible] چارج [illegible] جمع ہو جاتا ہے [illegible] بادلوں [illegible] چارج [illegible] ہو جاتے ہیں۔ جب ان بادلوں پر چارج کی مقدار [illegible] ہو جاتی ہے [illegible] الیکٹرک فیلڈ پیدا ہو جاتا ہے [illegible] چنگاری [illegible] آسمانی بجلی کہتے ہیں۔

[illegible] آسمانی بجلی کے [illegible] اس کا مقصد [illegible] آسمانی بجلی [illegible] ہو سکتا ہے۔

[illegible] (Fires or Explosions)

سٹیٹک الیکٹریسٹی [illegible] آگ [illegible] کی وجہ [illegible] سٹیٹک الیکٹریسٹی [illegible] پیدا ہوتی ہے [illegible] سٹیٹک الیکٹریسٹی [illegible] جہاں [illegible] آگ لگ سکتی ہے۔

الیکٹرک چارجز دو قسم کے ہوتے ہیں۔ پازیٹو چارج اور نیگیٹو چارج۔ ایک جیسے چارجز ایک دوسرے کو دفع کرتے ہیں جبکہ مخالف چارجز ایک دوسرے کو کشش کرتے ہیں۔

ایسا عمل جس میں کسی چارج شدہ جسم کی موجودگی میں کنڈکٹر کو چارج کیا جاتا ہے، الیکٹرو سٹیٹک انڈکشن کہلاتا ہے۔

کولمب کے قانون کے مطابق چارج شدہ اجسام کے درمیان کشش یا دفع کی فورس چارجز کی مقداروں کے حاصل ضرب کے ڈائریکٹلی پروپورشنل جبکہ ان کے درمیانی فاصلہ کے مربع کے انورسلی پروپورشنل ہوتی ہے۔ اس کو حسابی طور پر یوں لکھا جاتا ہے

$$F = k\frac{q_1 q_2}{r^2}$$

کسی چارج کے الیکٹرک فیلڈ سے مراد وہ سپیس ہے جس میں یہ دوسرے چارج پر فورس لگاتا ہے۔

الیکٹرک فیلڈ میں کسی بھی پوائنٹ پر الیکٹرک پوٹینشل سے مراد وہ ورک ہے جو یونٹ پازیٹو چارج کو لامحدود فاصلے سے اس پوائنٹ تک لے جانے میں کرنا پڑتا ہے۔ پوٹینشل کا SI یونٹ وولٹ ہے۔ اگر ایک یونٹ پازیٹو چارج کو لامحدود فاصلہ سے فیلڈ کے کسی مقام تک لے جانے میں ایک جول ورک کرنا پڑے تو اس مقام کا پوٹینشل ایک وولٹ کے برابر ہوگا۔

کپیسٹر چارج کو سٹور کرنے والا ایک آلہ ہے۔ کپیسٹی ٹینس سے مراد کسی کپیسٹر کی چارج سٹور کرنے کی صلاحیت ہوتی ہے۔ اس کا یونٹ فیراڈے (F) ہے۔

پیرالل طریقے سے جوڑے گئے n کپیسٹرز کی مساوی کپیسٹی ٹینس C_{eq} مندرجہ ذیل فارمولا سے معلوم کی جاتی ہے

$$C_{eq} = C_1 + C_2 + C_3 + \dots + C_n$$

سیریز طریقے سے جوڑے گئے n کپیسٹرز کی مساوی کپیسٹی ٹینس C_{eq} مندرجہ ذیل فارمولا سے معلوم کی جاتی ہے۔

$$\frac{1}{C_{eq}} = \frac{1}{C_1} + \frac{1}{C_2} + \frac{1}{C_3} + \dots + \frac{1}{C_n}$$

1. دیے گئے ممکنہ جوابات میں سے درست جواب کا انتخاب کریں۔

(i) ایک پازیٹو الیکٹرک چارج دوسرے

(الف) پازیٹو چارج کو کشش کرتا ہے   (ب) پازیٹو چارج کو دفع کرتا ہے

(ج) نیوٹرل چارج کو کشش کرتا ہے   (د) نیوٹرل چارج کو دفع کرتا ہے

(ii) ایک جسم کو دوسرے جسم پر رگڑنے سے اس پر بہت زیادہ نیگیٹیو چارج آجاتا ہے کیونکہ دوسرا جسم ہے

(الف) نیوٹرل (ب) نیگیٹیو طور پر چارجڈ

(ج) پوزیٹیو طور پر چارجڈ (د) [illegible]

(iii) دو غیر چارج شدہ اجسام A اور B کو آپس میں رگڑا جاتا ہے۔ جب جسم B منفی طور پر چارج کیے گئے جسم C کے پاس لایا جاتا ہے تو دونوں اجسام ایک دوسرے کو دفع کرتے ہیں۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا جملہ A کے بارے میں درست ہے؟

(الف) غیر چارج شدہ رہتا ہے (ب) پوزیٹیو طور پر چارج ہو جاتا ہے

(ج) نیگیٹیو طور پر چارج ہو جاتا ہے (د) اس پر چارج معلوم نہیں کیا جا سکتا

(iv) جب آپ ایک پلاسٹک کی سلاخ کو اپنے بالوں میں متعدد بار رگڑنے کے بعد کاغذ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کے پاس لے کر جاتے ہیں تو کاغذ کے ٹکڑے اس کی طرف کشش کرتے ہیں۔ اس مشاہدہ سے آپ کیا نتیجہ نکالتے ہیں؟

(الف) سلاخ اور کاغذ پر مخالف قسم کا چارج ہے (ب) سلاخ پر پوزیٹیو چارج آ جاتا ہے

(ج) سلاخ اور کاغذ پر ایک جیسا چارج ہے (د) سلاخ پر نیگیٹیو چارج آ جاتا ہے

(v) کولمب کے قانون کے مطابق اگر دو مخالف چارجز کے درمیان فاصلہ بڑھا دیا جائے تو ان کے درمیان کشش کی قوت پر کیا اثر پڑے گا؟

(الف) بڑھ جاتی ہے (ب) کم ہو جاتی ہے

(ج) کوئی تبدیلی نہیں آتی (د) معلوم نہیں کی جا سکتی

(vi) کولمب کا قانون کن چارجز کے لیے موزوں ہے؟

(الف) حرکت کرتے ہوئے پوائنٹ چارجز (ب) حرکت کرتے ہوئے بڑے سائز کے چارجز

(ج) ساکن پوائنٹ چارجز (د) ساکن اور بڑے سائز کے چارجز

(vii) ایک پوزیٹیو اور نیگیٹیو چارج کو ابتدائی طور پر 4 cm کے فاصلہ پر رکھا گیا ہے۔ جب یہ فاصلہ 1 cm ہو تو ان کے درمیان قوت پر کیا اثر پڑے گا؟

(الف) پہلے سے 4 گنا کم ہوگی (ب) پہلے سے 4 گنا زیادہ ہوگی

(ج) پہلے سے 8 گنا زیادہ ہوگی (د) پہلے سے 16 گنا زیادہ ہوگی

(viii) ایک 10 C کے چارج کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کے لیے 5 J ورک کرنا پڑتا ہے۔ ان دونوں مقامات کے درمیان پوٹینشل ڈفرنس کتنا ہوگا؟

(الف) 0.5 V (ب) 2 V

(ج) 5 V (د) 10 V

(x) دو چھوٹے چارج شدہ کرے 2 mm کے فاصلے پر رکھے گئے ہیں۔ مندرجہ ذیل میں سے کس انتخاب کے سبب سے زیادہ کشش کی قوت ہوگی؟

(الف) $+1q$ اور $+4q$ (ب) $-1q$ اور $-4q$

(ج) $+2q$ اور $+2q$ (د) $+2q$ اور $-2q$

(x) الیکٹرک فیلڈ لائنز جب

(الف) ایک دوسرے کو عبور کرتی ہیں

(ب) ایک دوسرے کو عبور نہیں کرتیں

(ج) [illegible]

(د) [illegible]

(x) کپیسیٹینس کی تعریف [illegible]

(الف) VC (ب) Q/V

(ج) QV (د) V/Q

[illegible]

[illegible]

الیکٹروسٹیٹک انڈکشن [illegible]؟

الیکٹروسٹیٹک انڈکشن [illegible]؟

[illegible]

[illegible]

الیکٹروسکوپ [illegible]

[illegible]؟

[illegible]

[illegible]

الیکٹرک فیلڈ [illegible]؟

کیا [illegible]؟

دو پوائنٹس کے درمیان پوٹینشل ڈفرینس کو آپ کیسے بیان کریں گے۔ اس کے یونٹ کی تعریف کریں۔

ثابت کریں کہ دو پوائنٹس کے درمیان فی یونٹ چارج کی انرجی کو پوٹینشل ڈفرینس کے طور پر بیان کیا جاسکتا ہے۔

کپیسٹر کی کپیسٹینس سے کیا مراد ہے؟ کپیسٹینس کے یونٹ کی تعریف کریں۔

سیریز طریقے سے جڑے کئی کپیسٹرز کی مساوی کپیسٹینس کا فارمولا اخذ کریں۔

کپیسٹرز کی مختلف اقسام بیان کریں۔

ویری ایبل اور فکسڈ کپیسٹرز کے درمیان فرق بتائیے۔

کپیسٹرز کے استعمال کی لسٹ تیار کیجیے۔

سٹیٹک الیکٹریسٹی کے استعمال کی ایک مثال کی مدد سے وضاحت کریں۔

سٹیٹک الیکٹریسٹی کے کیا خطرات ہیں؟

13.1 ایک چارجڈ سلاخ کاغذ کے ٹکڑوں کو کشش کرتی ہے۔ کچھ دیر بعد یہ ٹکڑے سلاخ سے الگ ہو جاتے ہیں۔ ایسا کیوں ہوتا ہے؟

13.2 اگر الیکٹروسکوپ پر چارج کی مقدار 7.5×10^{-11} C ہو تو اس سے خارج ہونے والے الیکٹرونز کی تعداد کیا ہوگی؟

13.3 الیکٹرک فیلڈ میں پازیٹو طور پر چارجڈ ذرہ کس سمت میں حرکت کرے گا؟

13.4 کیا سیریز طریقے سے جوڑے گئے کپیسٹرز میں ہر کپیسٹر پر مساوی چارج ہوتا ہے؟ وضاحت کریں۔

13.5 کیا پیرالل طریقے سے جوڑے گئے کپیسٹرز میں ہر کپیسٹر کے اطراف مساوی پوٹینشل ڈفرینس ہوتا ہے؟ وضاحت کریں۔

13.6 بعض اوقات آپ دیکھتے ہیں کہ پیٹرول سے بھرے ہوئے ٹرک کے پیچھے لوہے کی ایک زنجیر لٹک رہی ہوتی ہے۔ اس زنجیر کے لٹکانے کا مقصد کیا ہوتا ہے؟

13.7 اگر ایک بجلی والا طوفان آپ کی کار پر گرجائے جبکہ آپ کار کے اندر موجود ہوں تو آپ کو کار سے باہر نہیں نکلنا چاہیے۔ کیوں؟

13.8 وضاحت کریں کہ ایک گلاس کی سلاخ کو ہاتھ میں پکڑ کر چارج کیا جاسکتا ہے جبکہ لوہے کی سلاخ کو ہاتھ میں پکڑ کر چارج نہیں کیا جاسکتا۔ کیوں؟

کتنے الیکٹرونز پر مشتمل چارج کی مقدار 100 µC کے برابر ہوگی جبکہ ایک الیکٹران پر چارج کی مقدار $(1.6 \times 10^{-19}\,C)$ ہوتی ہے۔
(6.25×10^{14})

دو پوائنٹ چارجز $q_1 = 10\,\mu C$ اور $q_2 = 5\,\mu C$ کو 150 cm کے فاصلے پر رکھا گیا ہے۔ ان کے درمیان الیکٹرو سٹیٹک فورس کی مقدار کیا ہوگی؟ فورس کی سمت بھی معلوم کریں۔
(0.2 N، دفع کی قوت)

دو ایک جیسے پوائنٹ چارجز کے درمیان کشش کی فورس 0.8 N ہے جب یہ 0.1 m کے فاصلے پر رکھے گئے ہوں تو چارج کی مقدار معلوم کریں۔
$(9.4 \times 10^{-7}\,C)$

دو چارجز جب 5 cm کے فاصلے پر رکھے ہوں تو وہ ایک دوسرے کو 0.1 N کی فورس سے دفع کرتے ہیں۔ ان چارجز کے درمیان فورس کی قیمت معلوم کریں جب وہ 2 cm کے فاصلے پر رکھے گئے ہوں۔
(0.62 N)

الیکٹرک فیلڈ میں دیے گئے پوائنٹ پر پوٹینشل کی قیمت 10^4 V ہے۔ 100 µC کے چارج کو لامحدود فاصلے سے اس پوائنٹ تک لانے کے لیے کتنا کام درکار ہوگا؟
(1 J)

ایک +2 C کے چارج کو 100 V پوٹینشل والے پوائنٹ سے 50 V پوٹینشل والے پوائنٹ تک منتقل کیا جاتا ہے۔ چارج کی جانب سے حاصل کردہ انرجی کی مقدار کیا ہوگی؟
(100 J)

ایک کپیسٹر کو جب 9 V کی بیٹری سے جوڑ کر مکمل طور پر چارج کیا جاتا ہے تو اس پر 0.06 C چارج جمع ہو جاتا ہے۔ کپیسٹر کی کپیسی ٹینس معلوم کریں۔
$(6.67 \times 10^{-3}\,F)$

ایک کپیسٹر کو جب 6 V کی بیٹری سے جوڑ کر مکمل طور پر چارج کیا جاتا ہے تو اس پر 0.03 C چارج جمع ہو جاتا ہے۔ کپیسٹر پر 2 C چارج جمع کرنے کے لیے کتنی وولٹیج درکار ہوگی؟
(400 V)

دو کپیسٹرز جن کی کپیسی ٹینس 12 µF اور 6 µF ہے سیریز میں جوڑے گئے ہیں اور 12 V کی بیٹری سے منسلک کیے گئے ہیں۔ ان کی مساوی کپیسی ٹینس معلوم کریں۔ ہر کپیسٹر پر چارج اور ہر ایک کے سروں کے درمیان پوٹینشل ڈفرنس بھی معلوم کریں۔
(4 µF, 48 µC, 8 V, 4 V)

دو کپیسٹرز جن کی کپیسی ٹینس 12 µF اور 6 µF ہے پیرالل میں جوڑے گئے ہیں اور 12 V کی بیٹری سے منسلک کیے گئے ہیں۔ ان کی مساوی کپیسی ٹینس معلوم کریں۔ ہر کپیسٹر پر چارج اور ہر ایک کے سروں کے درمیان پوٹینشل ڈفرنس کی مقدار بھی معلوم کریں۔
(18 µF, 72 µC, 144 µC, 12 V)

یونٹ 14

کرنٹ الیکٹریسٹی

طلبہ کے علمی ماحصل

اس یونٹ کے مطالعہ کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- ☆ الیکٹرک کرنٹ کی تعریف کر سکیں۔
- ☆ کنوینشنل کرنٹ کے تصور کو بیان کر سکیں۔
- ☆ سرکٹ کے کسی حصے کے اطراف میں موجود پوٹینشل ڈیفرنس کو سمجھ سکیں اور اس کے یونٹ کا نام بتا سکیں۔
- ☆ اوہم کے قانون کی توضیح بیان کر سکیں اور اس کے اطلاق کی حدود بیان کر سکیں۔
- ☆ رزسٹنس اور اس کے یونٹ اوہم (Ω) کی تعریف کر سکیں۔
- ☆ سیریز اور پیرالل طریقے سے جوڑے گئے رزسٹرز کی مساوی رزسٹنس معلوم کر سکیں۔
- ☆ میٹالک کنڈکٹر کی رزسٹنس پر اثر انداز ہونے والے فیکٹرز بیان کر سکیں۔
- ☆ بیان کر سکیں کہ رزسٹنس میں انرجی کس طرح ضائع ہوتی ہے اور جول کے قانون کی وضاحت کر سکیں۔
- ☆ کنڈکٹرز اور انسولیٹرز میں فرق بیان کر سکیں۔
- ☆ میٹالک کنڈکٹر، فلامنٹ بلب اور تھرمسٹر کی I-V خصوصیات کی گراف کی مدد سے وضاحت کر سکیں۔
- ☆ حسابی سوالات حل کرنے کے لیے مساوات $E = IVt = I^2Rt = \frac{V^2t}{R}$ استعمال کر سکیں۔
- ☆ بجلی کی قیمت فی کلو واٹ آور (kWh) دی گئی ہو تو استعمال شدہ بجلی کی کل قیمت معلوم کر سکیں۔
- ☆ ڈی سی (D.C) اور اے سی (A.C) میں فرق کر سکیں۔
- ☆ سرکٹ کے مختلف پرزوں جیسا کہ سوئچ، رزسٹر، بیٹری وغیرہ کی پہچان کر سکیں۔
- ☆ مختلف برقی آلات [illegible] پیرالل کنکشن [illegible] کے اصولوں کی وضاحت کر سکیں۔
- ☆ سادہ سرکٹ (سنگل پاتھ اور پیرالل سرکٹ) کی ڈرائنگ بنا کر ان کا تجزیہ کر سکیں۔
- ☆ سیریز اور پیرالل سرکٹ میں روشنی کے بلبوں کی خصوصیات بیان کر سکیں جیسا کہ [illegible]۔
- ☆ الیکٹریسٹی کی گھریلو وائرنگ میں لائیو، نیوٹرل اور ارتھ تاروں [illegible] بیان کر سکیں۔
- ☆ وضاحت کر سکیں کہ الیکٹریسٹی کی گھریلو سرکٹ میں فیوز اور سرکٹ بریکر کیوں استعمال ہوتے ہیں۔
- ☆ الیکٹریسٹی کے خطرات (انسولیشن کا نقصان [illegible]) کی وضاحت کر سکیں۔
- ☆ الیکٹریسٹی کے گھریلو استعمال میں حفاظتی تدابیر کی وضاحت کر سکیں (جیسا کہ [illegible])۔

طلبہ کی تحقیقی مہارت

طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

